## ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد کے کارکن طاہر علی خان کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔29، مارچ 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد یونٹ B-143 کے بی آر کے کارکن طاہر علی خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ جناب الطاف حسین نے سوگوار لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## حق پرست عوام آفتاب زیدی کی صحت یابی کیلئے خصوصی دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔29، مارچ 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی ریسرچ اینڈ ایڈوائزری کونسل کے رکن آفتاب زیدی کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ آفتاب زیدی کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## نواز شریف سے ''قرض اتارو ملک سنوارو'' مہم کے دوران حاصل ہونے والی قومی دولت کا حساب لیا جائے، محمد انور
## نواز شریف قوم سے جھوٹ بولتے رہے کہ انہوں نے جیل سے نجات کیلئے جنرل پرویز مشرف سے کوئی معاہدہ نہیں کیا
## نواز شریف قوم کو دھوکہ دینے پر ملک بھر کے عوام سے معافی مانگیں

لندن۔۔۔29، مارچ 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن محمد انور نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ میاں نواز شریف سے ''قرض اتارو ملک سنوارو'' مہم کے دوران حاصل ہونے والی قومی دولت اور فارن کرنسی اکاؤنٹ میں بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی جمع کی گئی رقم کا حساب لیا جائے۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ نواز شریف نے اپنے دور حکومت میں قرض اتارو ملک سنوارو مہم کے دوران قوم سے اربوں کھربوں روپے جمع کئے اور ملک وقوم کے نام پر بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو فارن کرنسی اکاؤنٹ میں رقم جمع کرانے کا مشورہ دیا۔انہوں نے کہا کہ اس مہم کے دوران نواز شریف نے قوم سے اربوں کھربوں روپے جمع کر کے ہڑپ کر لئے اور آج تک قوم کو اس رقم کا کوئی حساب نہیں دیا۔اسی طرح نواز شریف نے ملک وقوم کے نام پر بیرون ملک پاکستانیوں کو ترغیب دی کہ وہ فارن کرنسی اکاؤنٹ میں رقم جمع کرائیں اور پھر اچانک اپنے اور اپنے لوگوں کی رقم فارن کرنسی اکاؤنٹ سے نکال کر یہ اکاؤنٹ منجمد کر دیئے جس کے نتیجے میں بیرون ملک مقیم پاکستانی اپنی زندگی بھر کی جمع پونجی سے محروم ہو گئے۔انہوں نے کہا کہ ملک وقوم کی ترقی کی بات کرنے والے نواز شریف قوم کو جواب دیں کہ قرض اتارو ملک سنوارو مہم کے دوران جمع کی جانے والی اربوں کھربوں کی رقم کہاں ہے اور نواز شریف اس رقم کا حساب کیوں نہیں دیتے؟ محمد انور نے مطالبہ کیا کہ میاں نواز شریف سے ''قرض اتارو ملک سنوارو'' مہم کے دوران ملک کے عوام سے حاصل کردہ قومی دولت اور فارن کرنسی اکاؤنٹ میں بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی جمع کی گئی رقم کا حساب لیا جائے اور قومی دولت کی لوٹ مار میں ملوث نواز شریف کو عدالت کے کٹہرے میں لایا جائے۔محمد انور نے کہا کہ یہ حقیقت پوری دنیا جانتی ہے کہ نواز شریف آٹھ سال تک قسمیں کھا کھا کر قوم سے جھوٹ بولتے رہے کہ انہوں نے جیل کی کال کوٹھری سے نجات کیلئے جنرل پرویز مشرف سے کوئی معاہدہ نہیں کیا اور جب 2007ء میں اس معاہدہ کی تفصیلات عوام کے سامنے آئیں تو نواز شریف نے خود اعتراف کر لیا کہ انہوں نے 10 سال کا معاہدہ نہیں کیا تھا بلکہ یہ معاہدہ پانچ سال کا تھا۔انہوں نے کہا کہ اگر نواز شریف نے واقعی معاہدہ کیا تھا تو وہ مسلسل جھوٹ بول کر قوم کو دھوکہ کیوں دیتے رہے؟ محمد انور نے کہا کہ نواز شریف قوم کو دھوکہ دینے پر ملک بھر کے عوام سے معافی مانگیں۔

## بجلی کے بحران کے خلاف ہرسطح پرصدائے احتجاج بلند کریں گے،حق پرست اراکین قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔29،مارچ2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے کراچی سمیت سندھ بھر میں بجلی کے شدید بحران اور کئی کئی گھنٹوں لوڈشیڈنگ پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہاہے کہ بجلی کے بحران سے شہریوں کی زندگی اجیرن بنادی گئی ہے ۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ صوبہ سندھ خصوصاً کراچی میں بجلی کے طویل دورانیے کی لوڈشیڈنگ نے شہریوں کوشدید مشکلات میں مبتلا کردیا ہے جس کے باعث ان کی روزمرہ کے معمولاتِ زندگی بری طرح متاثر ہورہے ہیں جبکہ بجلی کے بحران سے کاروباری اور صنعتی سرگرمیاں کوساتھ ساتھ اسپتالوں میں زیراعلاج مریضوں کے فوری نوعیت کے آپریشن بھی تعطل کا شکار ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایک جانب لوڈشیڈنگ شہریوں کیلئے عذاب بن رہی ہے جبکہ دوسری جانب بجلی کی عدم فراہمی کے باعث شہریوں کو پانی کے حصول میں بھی شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑرہا ہے ۔انہوں نے کہا کہ شہریوں کی جانب سے بجلی کے بل کی باقاعدگی سے ادائیگی کے باوجود انہیں بجلی کی سہولت سے محروم رکھنا سراسر ظلم ہے اور ایم کیوایم اس ظلم کے خلاف ہرسطح پرصدائے احتجاج بلند کرے گی۔حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے صدر پرویز مشرف اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ سندھ بالخصوص کراچی میں بجلی کے بحران کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور لوڈشیڈنگ کے باعث شہریوں کو درپیش مسائل کیلئے ہنگامی بنیادوں پرٹھوس اقدامات کئے جائیں۔

## ایم کیوایم کے کارکن طاہرخان اور کارکن کے والدفرحت حسین کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔29،مارچ2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد یونٹB-143 کے کارکن طاہرعلی خان اور لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 160 کے کارکن ذیشان کے والد فرحت حسین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔(آمین)

## طلبہ یونین کی بحالی بہترین اقدام ہے،اے پی ایم ایس او

کراچی۔۔۔29،مارچ2008ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن نے ملک بھر کے کالجوں اور یونیورسٹیوں میں طلبہ یونینوں پر عائد پابندی کے خاتمہ کے وزیراعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی کے اعلان کا خیرمقدم کرتے ہوئے اسے خوش آئند قرار دیا ہے۔اے پی ایم ایس او کی تنظیم نو کمیٹی کے ارکان نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ اس اقدام سے جہاں تعلیمی اداروں میں امن وامان کے قیام میں مدد ملے گی وہاں طلبہ کی نصابی اور غیرنصابی سرگرمیوں میں بھی مثبت اضافہ ہوگا اور انہیں اپنی صلاحتیں نکھارنے میں بڑی مدد ملے گی۔

## اداروں میں ٹریڈ یونینز اور IRO-2002 پر پابندی کے خاتمہ اچھا اقدام ہے،ایم کیوایم لیبر ڈویژن

کراچی۔۔۔29،مارچ2008ء

لیبرڈویژن متحدہ قومی موومنٹ کے انچارج واراکین سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی نے وزیراعظم پاکستان مخدوم یوسف رضا گیلانی کی جانب سے اداروں میں ٹریڈ یونینز اور IRO-2002 کے خاتمے کا اعلان کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعظم پاکستان کے ان اعلانات سے اداروں میں محنت کشوں کا مورال بلند ہوا ہے انہوں نے کہا ایم کیوایم شروع دن سے ہی قائد تحریک الطاف حسین کے فکروفلسفہ کی روشنی میں ملک کے مظلوم محنت کش کے بنیادی حقوق کی بحالی کی عملی جدوجہد کررہی ہے ،پاکستان کے محنت کش بھی اسی مظلوم طبقہ کا ایک حصہ ہیں۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ وزیراعظم کی جانب سے کئے گئے ان اعلانات پر عملی درآمد بھی کیا جائے گا اور پی ٹی سی ایل سمیت مختلف اداروں سے ملازمین کی ڈاؤن سائزنگ اور جبری برطرفیوں کے عمل کو بھی روکا جائے گا۔

☆☆☆☆☆